31/01/2025

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عارف حسین سے خبریں سُنئے

بجٹ اجلاس

پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس آج سے شروع ہو ا۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمونے اب سے تھوڑی دیر پہلے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کیا۔ اب وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن اقتصادی جائزہ پیش کریں گی۔ وزیر خزانہ کل یعنی یکم فروری کو مالی سال 2025-26 کا بجٹ پیش کریں گی ۔
ملک کی عوام کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر کے لوگوں نے بھی مرکزی بجٹ سے امیدیں وابستہ کی ہیں ۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کے آغاز سے قبل میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ 2047 میں، جب بھارت آزادی کے ایک سو سال مکمل کرے گا، ملک وکست بھارت کے اپنے عزم کو پورا کرے گا اور یہ بجٹ توانائی اور امنگوں کو متاثر کرے گا۔

وزیر اعظم نے کہا کہ یہ بڑے فخر کی بات ہے کہ بھارت نے ایک جمہوری ملک کے طور پر 75 سال مکمل کر لئے ہیں اور عالمی سطح پر ایک مضبوط ساخت قائم کی ہے۔

وزیراعظم نے تمام اراکین پارلیمنٹ سے ملک کو ترقی یافتہ قوم بنانے میں کردار ادا کرنے کی اپیل بھی کی۔

دراندازی

ضلع پونچھ میں ایل او سی پر فوج نے دراندازی کی ایک کوشش کو ناکام بناتے ہوئے دو ہتھیار بند در اندازوں کو مار گرایا ہے ۔ اس سے پہلے فوج کے چوکس دستوں نے کل پونچھ ضلع کے گلپور سیکٹر کے کھاری کرمارہ علاقے میں لائن آف کنٹرول کے ساتھ بھاری ہتھیاروں سے لیس

دراندازوں کے ایک گروپ کی نقل و حرکت بھانپ لی جس کے بعد فوج نے ان کو للکارا تاہم دونوں طرف سے ہوئی گولی باری میں دو درانداز مارے گئے ۔

جائے واردات سے بھاری تعداد میں اسلح بر آمد کیا گیا ۔ فوج نے باقی دراندازوں کو پکڑنے کے لئے علاقے کو گھیرے میں لے کر تلاشی مہم شروع کر دی ہے ۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے سیری راجوری میں ایک عوامی رابطہ پروگرام کا انعقاد کیا۔ اِس موقعہ پر عوام نے تعلیم ، صحت، نیادی ڈھانچے اور عوام کو دستیاب رکھی جانے والی سہولیات سے جُڑے مختلف مسائل اُجاگر کئے اور انتظامیہ سے فوری مداخلت کی درخواست کی۔

نائب وزیر اعلیٰ نے ان مسائل کو مد نظر رکھتے ہوئے انتظامیہ کو فوری کارروائی کرنے اور عوامی شکایات کے ازالہ کے لئے اہم ہدایات جاری کیں۔

جاوید رانا

جنگلات و ماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانا نے نئی دلی میں بھارتی فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دویدی کے ساتھ ملاقات کرکے جموں کشمیر کے سرحدی اور حدِ متارکہ کے نزدیک علاقوں میں رہنے والے لوگوں کو در پیش مشکلات کے بارے میں ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیا ۔ میٹنگ کے دوران سرحدی علاقوں تک سڑک رابطوں کی جدت طرازی پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا ۔

اننت ناگ

محکمہ پشو پالن اننت ناگ نے مہندی کدل ویٹرنری اسپتال میں ایسپریشنل بلاک ڈیولپمنٹ پروگرام کے تحت مستفیدین میں 11 ڈیری گائے تقسیم کیں۔

اس پروگرام کا مقصد خطے میں ڈیری فارمِنگ کو بڑھاوا دینا اور مقامی کسانوں کے لئے پائیدار معاش کو فروغ دینا ہے۔

بڈگام

ڈپٹی کمشنر بڈگام اکشے لابرو نے پنڈت کالونی شیخ پورہ بڈگام میں ملٹی پرپز کمیونٹی ہال کے تعمیراتی کام کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے عہدیداروں اور انجینئروں کو ہدایت دی کہ وہ کام کے معیار کے ساتھ ساتھ مقررہ مدت کا پاس رکھتے ہوئے پروجیکٹ کو جلد پایہ تکمیل تک پہنچائیں ۔

بانڈی پورہ

District Rent ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ منظور احمد قادری نے منی سیکرٹریٹ بانڈی پورہ میں کے اجلاس کی صدارت کی۔ کمیٹی نے مختلف ڈھانچے کے کرایہ Assessment Committee کے تعین پر تبادلہ خیال کیا ۔

اس موقع پر ضلع بھر میں رینٹ پر لی گئی عمارتوں کا کرایہ واگذار کرنے کے کئی معاملات کی جانکاری بھی فراہم کی گئی ۔ کمیٹی کے سامنے مجموعی طور پر 18 مقدمات پیش کئے گئے جن میں سے 15 مقدمات کو موقعہ پر ہی منظوری دی گئی ۔

IGNOU

اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی ریجنل سنٹر واقع سعدہ کدل سرینگر میں 28 جنوری سے 7 فروری 2025 تک پروجیکٹ اور انٹرنشپ کے لئے Viva Voce کا انعقاد کر رہا ہے۔

دسمبر 2025 کے لئے اپنے پروجیکٹس داخل کئے ہیں ان کو مشورہ دیا Term-end جن طلباءنے جاتا ہے کہ وہ علاقائی مرکز کی سرکاری ویب سائٹ پر اپنے نام اور نظام الاوقات چیک کریں۔ میں حصہ لینے کے لئے نامزد مقام پر مخصوص تاریخ اور وقت پر پورٹ کرنا Viva Voce انہیں ہوگا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ

************